## سوشل سیکورٹی کی تعریف

سوشل سیکورٹی اُن مکمل اور کامیاب کوششوں کا حاصل ہے جو عوام (یا آبادی کے بڑے حصے) کو اُن معاشی تفکرات سے محفوظ رکھنے کیلئے کی جائیں جو بیماری' بے روزگاری' ضعیفی یا موت کے بعد آمدنی بند ہو جانے کی وجہ سے پیش آتے ہیں''۔ اس کے علاوہ سوشل سیکورٹی حسب ضرورت طبّی نگہداشت یعنی علاج معالجہ اور چھوٹے بچوں کی پرورش (بچوں کی پنشن کی صورت) میں خاندانوں کو امداد مہیا کرتی ہے۔

## رجسٹریشن کا طریقہ کار

سوشل سیکورٹی اسکیم سہہ فریقی نظام پر چلتی ہے۔حکومت' آجران اور محنت کش وہ تین فریقین ہیں جن کے باہمی تعاون سے اسکیم پر عملدرآمد ہوتا ہے۔اسکیم کے تحت پہلے صنعتی یا تجارتی ادارے کا سوشل سیکورٹی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن کیا جاتا ہے۔ بعدازاں ادارے کے اہل محنت کشوں کی رجسٹریشن کی جاتی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ اداروں کے محنت کش اسکیم میں شامل ہو کر طبی اور مالی فوائد حاصل کرسکیں۔

## اداروں کی رجسٹریشن:۔

### (i) مقامی دفتر کے ذریعہ رجسٹریشن:۔

سوشل سیکورٹی ایکٹ کے تحت صوبے کے تمام ڈسٹرکٹ، ٹاؤنز اور کینٹونمنٹ کے علاقوں پر سوشل سیکورٹی اسکیم کا اطلاق کردیا گیا ہے۔اسی طرح صوبے بھر کے تمام صنعتی اور تجارتی اداروں پر فوری طور پر اسکیم کا اطلاق ہوگیا ہے تاہم جو ادارے نوٹیفکیشن کے جاری ہونے کے بعد قائم ہونگے ان پر سوشل سیکورٹی اسکیم کا اطلاق ادارے کے قائم ہونے کی تاریخ سے ہوگا۔ سوشل سیکورٹی کے مقامی ڈائریکٹوریٹ اس بارے میں تمام اداروں کو مطلع کرتے ہیں اور ساتھ رجسٹریشن فارم (R-1) بھی بھیجتے ہیں۔ یہ فارم نئے رجسٹر ہونے والے صنعتی یا تجارتی ادارے کی انتظامیہ پُر کرکے مقامی ڈائریکٹوریٹ کو واپس کرتی ہے۔اس فارم کے واپس ملنے پر مقامی دفتر اس ادارے کو رجسٹریشن نمبر الاٹ کرتا ہے۔جس کی اطلاع متعلقہ تجارتی ادارے کو دی جاتی ہے۔

### (ii) آن لائن رجسٹریشن:۔

عالمی بینک کی جانب سے پاکستان میں کاروبار شروع کرنے میں آجران کی آسانی اور سہولیات کی فراہمی کیلئے اصلاحاتی اقدامات کیے گئے ہیں اور سندھ میں نئے کاروبار کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے PITB کے تعاون سے ایک پورٹل کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جو جنوری 2020ء سے فعال ہے۔سندھ بھر کے تمام ڈائریکٹوریٹس اس ویب پر مبنی پورٹل سے منسلک ہیں۔ جس کے تحت آجران اپنے نئے کاروبار کو سندھ بزنس رجسٹریشن پورٹل (https://business.sindh.gov.pk) کے ذریعے مختلف اداروں بشمول SESSI میں رجسٹرڈ کرواسکتے ہیں۔ نئے کاروبار/یونٹ کی رجسٹریشن کی کوئی فیس نہیں ہے اور یونٹ مطلوبہ رسمی کارروائیوں/ضروریات پوری کرنے کے بعد اسی دن رجسٹرڈ ہو جاتا ہے اور آجر کو اس کے کاروبار/یونٹ کا رجسٹریشن نمبر جاری کردیا جاتا ہے۔ نئے رجسٹرڈ یونٹ کو ایک Login ID اور Password جاری کیا جاتا ہے۔ جس کے ذریعے آجر سیسی کے آئن لائن کنٹری بیوشن اور بینیفٹ پورٹل (https://ehrmis.sessi.gov.pk) تک رسائی حاصل کرسکتا ہے اور اپنے ملازمین کو سوشل سیکورٹی اسکیم میں رجسٹر کرواسکتا ہے نیز آجر اس پورٹل کے ذریعے ہر مہینے اپنے ملازمین کا سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن بذریعہ 1-Link ، انٹرنیٹ بنکنگ ، متبادل ڈیلیوری چینلز (ADC) استعمال کرتے ہوئے بھی ادا کرسکتا ہے۔اس کے علاوہ آجر اس پورٹل کے ذریعے اپنے یونٹ اور ملازمین کے بارے میں مختلف رپورٹس اور معلومات نہ صرف دیکھ سکتا ہے بلکہ انہیں اپڈیٹ بھی کرسکتا ہے۔

## محنت کشوں کی رجسٹریشن

سوشل سیکورٹی ایکٹ کے تحت ملازم سے مراد ہر ایسا فرد ہے جسے براہ راست یا کسی شخص یا ٹھیکیدار کے ذریعے اجرت پر کام کرنے کے لئے رکھا گیا ہو خواہ وہ ہنرمند ہو یا غیر ہنرمند' سپروائزر' کلرک' ہاتھ سے یا کسی اور طرح جو انڈسٹری یا ادارے کے معاملات سے متعلق کام کرنے والا ہو' اس کا تقرر معاہدہ ملازمت یا اپرنٹس شپ کے تحت ہو' تحریری یا زبانی ہو' ظاہری یا مضمر ہو، **سیلف ایمپلائڈ** ہو اور جن کی اجرت حکومتِ سندھ کی کم از کم اجرت کے قانون 2015 کے مطابق مقرر کردہ کم از کم اجرت سے پانچ ہزار روپے زیادہ تک ہو۔تاہم کوئی بھی تحفظ یافتہ محنت کش سوشل سیکورٹی اسکیم سے اس وجہ سے خارج نہیں کیا جاسکتا کہ اس کی ماہانہ اجرت سوشل سیکورٹی ایکٹ کے تحت زیادہ سے زیادہ اجرت سے بڑھ گئی ہو۔

ترمیم شدہ سوشل سیکورٹی ایکٹ 2018 کے مطابق سوشل سیکیورٹی اسکیم کے تحت ملازمین کو رجسٹر کرنے کے لئے انکی کم از کم اجرت، جو حکومتِ سندھ نے کم سے کم اجرت ایکٹ کے تحت نافذ کی ہو اور مزید 5000 روپے تک ماہانہ مقرر کی گئی ہے۔

جس تاریخ سے جو تجارتی ادارے اسکیم میں نوٹیفائی ہوتے ہیں اُسی تاریخ سے اس میں کام کرنے والے محنت کش رجسٹریشن کے اہل ہو جاتے ہیں۔

ترمیم شدہ سوشل سیکورٹی ایکٹ 2021 کے مطابق اب سیلف ایمپلائڈ ورکرز بھی سوشل سیکیورٹی اسکیم میں رجسٹر ہونے کے اہل ہیں۔ سیلف ایمپلائڈ ورکر سے مراد وہ شخص ہے جو اپنے آپ کو کسی بھی کام میں مصروف رکھتا ہے جسے یومیہ اجرت پر کام کرنے والا، تعمیراتی کارکن، ہوم بیسڈ کارکن، ٹرانسپورٹ ورکر، زراعتی کارکن، سیزنل کارکن وغیرہ۔

## بینظیر مزدور کارڈ کا اجراء

سندھ میں محنت کشوں کی سہولت کے پیش نظر بینظیر مزدور کارڈ کا اجراء کیا جاچکا ہے۔جس سے محنت کشوں کو اور ان کے لواحقین کو مالی تحفظ اور طبی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔آجروں اور ان کے ساتھ رجسٹرڈ تمام مزدوروں کو سیسی کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجراء کے لئے پورٹل کام کررہا ہے۔سیسی ڈائریکوریٹس میں خصوصی کاؤنٹر قائم کیے گئے ہیں تاکہ نادرا ڈیٹابیس استعمال کرتے ہوئے نادرا سے اسمارٹ کارڈ جاری کیے جاسکیں اور سیسی کے رجسٹرڈ محنت کشوں اور ان کے فیملی بائیومیٹرکس تصدیق کی جاسکے۔ڈائریکٹوریٹ میں کوئی بھی تحفظ یافتہ محنت کش باآسانی لوکل ڈائریکٹوریٹ میں جاکر اپنا بائیومیٹرک کرواکر اسمارٹ کارڈ حاصل کرسکتا ہے۔

## رجسٹریشن بذریعہ App (مزدور رجسٹریشن پورٹل):۔

سیسی نے ایک ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن ''مزدور رجسٹریشن پورٹل'' تیار کیا ہے جو کارکنوں کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ پورٹل کے ذریعے تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے ڈیجیٹل طور پر خود کو رجسٹر کرواسکیں اور سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت فوائد حاصل کرسکیں۔ یہ ڈیجیٹل ایپ ''مزدور رجسٹریشن پورٹل'' 15 نومبر 2023 سے گوگل پلے اسٹور کے ساتھ لائیو ہے۔

## سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن

سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت تحفظ یافتہ محنت کشوں کو مالی و طبی سہولتوں کی فراہمی کے سلسلے میں تمام اخراجات اس جمع شدہ رقم سے پورے کئے جاتے ہیں جو آجران سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن کی مد میں ادا کرتے ہیں۔اس ضمن میں سیسی کو حکومت کی جانب سے کسی قسم کی کوئی امداد نہیں ملتی۔سوشل سیکورٹی ایکٹ کی رو سے تمام نوٹیفائڈ اداروں کے آجران کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ مقررہ شرح 6 فیصد' مقررہ مدت اور معینہ قواعد کے مطابق ہر اُس ملازم کا کنٹری بیوشن ادا کریں جو ادارے کے قانون کے تحت رجسٹریشن کا اہل ہو۔ورکر کا حاصل کردہ سوشل سیکورٹی نمبر/شناختی کارڈ نمبر' کنٹری بیوشن شیڈول (C-1) میں درج کرنا بطور حوالہ ضروری ہے۔

## اجرت

سوشل سیکورٹی ایکٹ میں اجرت کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ ''خدمت کا معاوضہ جو نقد یا جنس کی صورت میں کسی تحفظ یافتہ محنت کش کو ادا کیا جائے یا واجب الادا ہو' اجرت کہلاتا ہے۔

اجرت کی شرح ہر صورت میں کم سے کم اجرتوں کے ایکٹ سے کم نہیں ہونی چاہئے، خواہ اس کی ملازمت یا اپرنٹس شپ کا یہ معاہدہ تحریری ہو یا زبانی' واضح ہو یا مضمر' اجرت میں مہنگائی الاؤنس' منظور شدہ چھٹیوں کے عرصے کی تنخواہ' سفری الاؤنس' یونیفارم الاؤنس' خوراک الاؤنس' خدمت الاؤنس' رات کی شفٹ کا الاؤنس' تفریحی اور حاضری الاؤنس' غیر قانونی یا قانونی ہڑتال کی بناء پر کی جانے والی ادائیگیاں بھی شامل ہیں۔تاہم درجہ ذیل ادائیگیاں اجرت کی تعریف سے خارج ہیں لہٰذا ایسی اجرت کنٹری بیوشن سے مستثنیٰ ہے:۔

(الف) اوورٹائم

(ب) وہ رقم جو آجر اپنے ملازم کو ان اخراجات کی ادائیگی کے لئے دیتا ہے' جس کا تعلق ان کی ملازمت کی نوعیت سے ہو۔

(ج) گریجویٹی جو ملازمت سے سبکدوش ہونے پر دی جاتی ہے۔

(د) صنعتی و تجارتی ملازمت (احکام' قائمہ) کے آرڈیننس مجریہ 1968 کی دفعہ 10-سی کے تحت ملنے والے سالانہ منافع پر محنت کشوں کو دیا جانے والا بونس۔

## کنٹری بیوشن کی ادائیگی کا طریقہ کار

### (الف) سوشل سیکورٹی اسکیم

سوشل سیکورٹی (ترمیمی) ایکٹ 2018 کی روسے آجران کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ ہراس محنت کش کا کنٹری بیوشن جو سوشل سیکورٹی کے قانون کے تحت رجسٹر ہونے کا اہل ہؤا ادا کرے۔ تاہم تحفظ یافتہ محنت کش کا سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن، حکومت کی مقرر کردہ کم از کم اجرت سے پانچ ہزار روپے اضافی تک 6 فیصد کی شرح سے ادا کرنا ہوگا۔

### (ب) خود تشخیصی اسکیم (Self Assessment)

سوشل سیکورٹی ایکٹ کی رو سے وہ آجر جو اس اسکیم کو اختیار کرتا ہے اُس کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر تحفظ یافتہ محنت کش کا کنٹری بیوشن حکومت کی مقرر کردہ کم از کم اجرت کا 6% کی شرح سے ہر ماہ ادا کرے۔ جبکہ اس اسکیم میں شامل ہونے والا ہر ملازم بھی اپنے حصے کا کنٹری بیوشن ماہانہ 40 روپے بذریعہ آجر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ایکٹ کے تحت خود تشخیصی اسکیم اختیار کرنے والے ادارے دو سال تک سوشل سیکورٹی کی سالانہ معائنہ (Inspection) سے مستثنٰی ہونگے۔

## کنٹری بیوشن شیڈول

### (i) مقامی آفس میں دستی جمع کرانا:۔

سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن کے قواعد مجریہ 1966ء کے مطابق آجران اس بات کے پابند ہیں کہ کنٹری بیوشن کی ادائیگی کے ساتھ کنٹری بیوشن شیڈول (C-1) بھی جمع کرائیں (یہ آجر کی قانونی ذمہ داری ہے) اس شیڈول میں تجارتی ادارہ کا نام' اس کا رجسٹریشن نمبر' تحفظ یافتہ محنت کشوں کے نام' عہدہ' اجرت' کنٹری بیوشن کی رقم اور سوشل سیکورٹی نمبر/ شناختی کارڈ نمبر وغیرہ درج کئے جاتے ہیں۔ ان ہی کوائف کی بنیاد پر مالی فوائد کی ادائیگی کے لئے تحفظ یافتہ محنت کشوں کے استحقاق کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ کنٹری بیوشن کے قواعد کے تحت آجران پر لازم ہے کہ وہ تنخواہوں کا رجسٹر یا کنٹری بیوشن شیڈول (C-1) کی واضح اور پڑھی جانے والی نقل کم از کم دو سال تک اپنے ریکارڈ میں محفوظ رکھیں اور سوشل سیکورٹی کے مجاز افسر کو اس کی درخواست پر معائنہ کے لئے پیش کریں۔

## کنٹری بیوشن کی میعاد

سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن کی ادائیگی ماہانہ بنیادوں پر کی جاتی ہے۔ کسی ایک مہینے کا کنٹری بیوشن زیادہ سے زیادہ آئندہ ماہ کی آخری تاریخ تک سوشل سیکورٹی کو ادا کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً مئی کے واجب الادا کنٹری بیوشن کی انتہائی حد اگلے ماہ یعنی 30 جون ہے اس کے بعد کی ادائیگی لیٹ شمار ہوگی اور اس پر آجر سے سوشل سیکورٹی ایکٹ کی شق 24 کے تحت اضافی رقم (Increase) بھی وصول کی جائے گی۔

## کنٹری بیوشن کی اصل رقم پر اضافہ کا اطلاق

اگر کوئی آجر معینہ مدت تک اپنا سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن جمع نہیں کراتا تو کنٹری بیوشن کی واجب الادا رقم پر آدھے فیصد یومیہ کے حساب سے اضافہ ہوتا رہے گا۔ تاہم یہ اضافہ کنٹری بیوشن کی اصل رقم کے 50 فیصد سے زائد نہ ہوگا۔ آجر کنٹری بیوشن بمعہ اضافی رقم سیسی میں جمع کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ تاہم عدم ادائیگی کی صورت میں ایسے آجر کو مقامی ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے ادائیگی کا نوٹس جاری کیا جاتا ہے جس میں انہیں معینہ اضافی رقم کے ساتھ کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی یاد دہانی کرائی جاتی ہے تاکہ آجر نوٹس میں دی جانے والی رقم کو مقامی ڈائریکٹوریٹ میں جمع کروائیں۔

## مالی فوائد کی ادائیگی کے لئے درج ذیل متعلقہ ڈائریکٹوریٹس سے رابطہ کریں

| ڈائریکٹوریٹ | پتہ و فون نمبر |
|---|---|
| سائٹ (ویسٹ) | ST-2C/4، بلاک U-I، نارتھ ناظم آباد، کراچی<br>021-99333232 |
| سائٹ (ایسٹ) | H-13 سائٹ ایریا' کراچی۔<br>(021-32573059) |
| سٹی I | سیکٹر۔1' لائنز ایریا' کراچی۔(021-32780354) |
| سٹی II | سیکٹر۔1' لائنز ایریا' کراچی۔(021-32780354) |
| کلفٹن/ ڈیفنس | سیکٹر۔1' لائنز ایریا' کراچی۔(021-32780354) |
| فیڈرل بی ایریا | ST-34، سیکٹر I-11، نارتھ کراچی<br>021-36639066, 99238109 |
| لانڈھی | آدم جی روڈ' لانڈھی انڈسٹریل ایریا' نزد حسینی، کراچی۔<br>(021-35014055) |
| کورنگی | ST-1' سیکٹر 25' کورنگی انڈسٹریل ایریا' کراچی۔<br>(021-35062957) |
| حیدرآباد | A-68 سائٹ ایریا' حیدرآباد۔<br>(022-3886759,9250114) |
| میرپورخاص | A-68 سائٹ ایریا' حیدرآباد۔<br>(022-3886759,9250114) |
| کوٹری | B-8' سائٹ ایریا' کوٹری۔<br>(022-3870056,022-3870069) |
| سکھر | S-3' سائٹ ایریا' سکھر۔<br>(071-5631035) |

# سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت رجسٹریشن/کنٹری بیوشن کا طریقہ کار

- سوشل سیکورٹی کی تعریف
- رجسٹریشن کا طریقہ کار
- آن لائن رجسٹریشن پورٹل کا قیام
- بینظیر مزدور کارڈ کا اجراء
- رجسٹریشن بذریعہ ایپ مزدور رجسٹریشن پورٹل
- سوشل سیکورٹی کنٹری بیوشن
- کنٹری بیوشن کی ادائیگی کا طریقہ کار
- کنٹری بیوشن شیڈول
- کنٹری بیوشن کی میعاد
- کنٹری بیوشن کی اصل رقم پر اضافہ کا اطلاق

شائع کردہ
شعبہ تعلقات عامہ تربیت و تحقیق
سندھ ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن
ایس ٹی۔17 بلاک۔6 گلشن اقبال' کراچی
فون نمبر 021-99243892,99243926
فیکس نمبر: 021-99243355
مزید معلومات کیلئے وزٹ کیجئے
www.sessi.gov.pk
(اکتوبر 2024)